# 04-08-2024 SUNDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔تلنگانہ کے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی جو ریاست میں سرمایہ کاری حاصل کرنے کیلئے امریکہ میں ہیں آج نیویارک میں تارکِ وطن ہندوستانیوں سے ملاقات کریں گے۔

۲۔بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی آر نے امید ظاہر کی کہ وزیراعلیٰ اپنے امریکہ اور جنوبی کوریا دورہ کے دوران ریاست کے لئے مزید سرمایہ کاری حاصل کریں گے۔

۳۔جنگلات، سیاحت اور انڈومنٹ کی وزیر کونڈا سریکھا نے کہا ہے کہ تلنگانہ حکومت نے ورنگل میں ماحولیاتی ٹوریزم کے ساتھ ساتھ ٹمپل ٹوریزم کو بڑھاوادینے کا فیصلہ کیا ہے۔

اور

۴۔ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے عوام سے کہا ہے کہ وہ کل سے شروع ہونے والے سوچتا پروگرام کو کامیاب بنائیں۔

☆☆☆

مرکز امکان ہے کہ بہت جلد پارلیمنٹ میں ایک بل لائے گا جس کے تحت وقف قانون میں ترمیم کی جائے گی۔اس کے ذریعہ کسی بھی ملکیت کو اثاثہ قرار دینے کے اس کے بے پناہ اختیارات کو کم کیا جائے گا اور خواتین کی نمائندگی کو یقینی بنایا جائے گا۔ذرائع نے بتایا کہ اِس بل میں وقف قانون میں تقریباً 40 ترمیمات ہوں گی۔مرکزی کابینہ نے اس بل کو منظوری دے دی ہے۔ذرائع کے مطابق یہ بل قانون کی بعض شقوں کو منسوخ کردے گا،جس کا مقصد وقف بورڈس کے بے پناہ اختیارات کو کم کرنا ہے۔وقف قانون 1995ء میں لایا گیا تھا،جس کے تحت وقف کردہ اثاثوں کی دیکھ بھال کی جاتی ہے۔یوپی اے کی دوسری حکومت میں کانگریس زیرِ قیادت مرکز نے وقف قانون کے تحت اسے اضافی اختیارات دئے تھے،جس سے بورڈ سے زمین واپس لینا عملاً ناممکن ہو گیا تھا۔

☆☆

بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ نے امریکہ اور جنوبی کوریا پر روانہ ہونے والے ریاست کے وفد سے نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کی قیادت میں جانے والے اس وفد کا مقصد سرمایہ کاری حاصل کرنا ہے۔راما راؤ نے ایکس پر ایک پوسٹ لکھتے ہوئے امید ظاہر کی کہ ریاستی حکومت پچھلی بی آر ایس حکومت کی مضبوط بنیاد پر آگے بڑھتے ہوئے کام کرے گی اور ریاست کے لئے سرمایہ کاری حاصل کرنے میں کامیابی حاصل کرے گی۔انہوں نے کہا کہ سابق وزیراعلیٰ کے چندر شیکھر راؤ کی قیادت میں تلنگانہ نے معاشی ترقی کے لئے سازگار ماحول پیدا کرنے کو ترجیح دی تھی۔انہوں نے کہا کہ بی آر ایس حکومت نے کئی انوکھی پالیسیاں شروع کی جن میں TS-IPASS شامل ہے۔اس کے علاوہ بی آر ایس حکومت نے انفرااسٹرکچر میں بھاری سرمایہ کاری کی جس کے نتیجہ میں 4 لاکھ کروڑ سے زیادہ کی سرمایہ کاری ہوئی اور پچھلے ایک دہے میں خانگی شعبہ میں 24 لاکھ سے زیادہ نوکریاں پیدا ہوئیں۔

☆☆

بی آر ایس لیڈر ہریش راؤ نے الزام لگایا ہے کہ کانگریس حکومت اسکولی بچوں کے لئے مڈ ڈے میل اسکیم پر عمل آوری میں ناکام ہوگئی ہے۔انہوں نے اس بات پر تشویش کا اظہار کیا کہ کھانے پینے کی چیزوں کے زیرالتوا بلز اور مڈ ڈے میل اسکیم کے پکوان سے جڑے لوگوں کی تنخواہیں نہ دئے جانے کی وجہ سے بچوں کو مناسب کھانا نہیں مل رہا ہے۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ ڈپٹی چیف منسٹر بھٹی وکرامارکہ فوری جواب دیں اور مڈ ڈے میل اسکیم کے زیرالتوا بلز اور ورکرس کی تنخواہوں کی ادائیگی کو یقینی بنائیں۔ ہریش راؤ نے یہ بھی مطالبہ کیا کہ سرکاری اسکولوں میں پڑھنے والے بچوں کو معیاری مڈ ڈے میل فراہم کئے جائیں۔

☆☆☆

تلنگانہ کے وزیراعلی ریونت ریڈی نے امریکہ کے اپنے مہم پسند دورہ کا آغاز کیا جس کا مقصد تلنگانہ میں سرمایہ کاری لانا ہے۔وزیراعلیٰ آج تاریک وطن ہندوستانیوں سے ملاقات کریں گے اور اس برادری کے ساتھ تعلقات کو مضبوط بنائیں گے۔کل وہ Cognizant کمپنی کے سی ای او اور RCM, TBC, Corning اور Joytus جیسی کمپنیوں سے اہم ملاقاتیں کریں گے۔ 6 اگست کو وزیراعلیٰ پپسی کمپنی اور HCA کے اعلیٰ عہدیداروں کے ساتھ سلسلہ وار بات چیت کے بعد واشنگٹن روانہ ہوں گے۔ریاست کی ترقی اور معاشی تعاون بڑھانے کے لئے وزیراعلی ریڈی کی کوششوں میں یہ دورہ بڑی اہمیت رکھتا ہے۔اس 10 روزہ دورہ کے دوران وزیراعلیٰ ڈیلاس اور سینفرانسسکو جیسے اہم شہروں کو بھی جائیں گے۔وہ جنوبی کوریا کہ سول کا بھی دورہ کریں گے۔ نیویارک پہنچنے پر علاقہ کی ہندوستانی برادری نے ریونت ریڈی اور ان کی ٹیم کا گرم جوشانہ استقبال کیا۔

☆☆

سی پی آئی کے ریاستی سکریٹری اور کوتہ گوڑم کے رکن اسمبلی کے سامبا شیوا راؤ نے ریاستی حکومت سے کہا ہے کہ وہ کپڑوں کی صنعت کے بحران کو حل کریں۔انہوں نے راجنا سرسلہ ضلع کے سرسلہ ٹاؤن میں امبیڈکر چوراستہ پر ٹیکس ٹائل صنعت سے تعلق رکھنے والوں کی جے اے سی کی طرف سے کی جانے والی زنجیری بھوک ہڑتال کے کیمپ کا دورہ کیا۔ یہ بھوک ہڑتال آج 14 ویں دن میں داخل ہوگئی۔انہوں نے کہا کہ سرسلہ کی کپڑوں کی صنعت اسی وقت قائم رہ سکے گی جب حکومت احکامات جاری کرے گی۔

☆☆

جنگلات ، سیاحت اور انڈومنٹ کی وزیر کونڈا سریکھا نے کہا ہے کہ تلنگانہ حکومت نے ورنگل میں ماحولیاتی ٹوریزم کے ساتھ ساتھ ٹمپل ٹوریزم کو بڑھاوا دینے کا فیصلہ کیا ہے اور اس کے تحت عہدیداروں کو ضروری ہدایتیں دی گئی ہیں۔ وزیر نے پتھر سے بنے قلعہ کے شمالی دروازہ ،میدان ، تالاب ،میوزیم ،مندر اور دوسرے مقامات کا دورہ کیا۔انہوں نے کہا کہ انہیں سیاحتی مقامات کی حیثیت سے فروغ دینے کے لئے تمام ضروری قدم اٹھائے جارہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ضرورت پڑھنے پر مرکز اور ریاست سے فنڈس حاصل کرنے کے لئے خصوصی توجہ دی جائے گی۔

☆☆☆

بی سی ویلفیر اور ٹرانسپورٹ کے وزیر پونم پربھاکر نے عوام سے کہا ہے کہ وہ سوچتا پروگرام کو کامیاب بنائیں۔حکومت کل سے اس مہینہ کی 9 تاریخ تک اس پروگرام کا اہتمام کررہی ہے۔ حُسن آباد میں آج خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ تمام دیہاتوں سے کچرا ہٹانا چاہئے ، پودے اگانا چاہئے ،موسمی بیماریوں کے تعلق سے بیداری پیدا کرنا چاہئے اور اس بات کو یقینی بنانے کے لئے قدم اٹھانے چاہئے کہ پانی گندہ نہ ہو اور صفائی

ستھرائی ہو۔شخصی صفائی اور پلاسٹک کے برے اثرات کے بارے میں بھی بیداری پیدا کرنا چاہئے۔صفائی ستھرائی کے کام اسکولس اور آنگن واڑی مراکز میں کرنا چاہئے۔عوامی نمائندوں کے علاوہ نوجوانوں، این جی اوز اور مقامی لوگوں سے کہا گیا ہے کہ وہ پروگرام میں حصہ لیں۔پونم پربھاکر نے کہا کہ صفائی ستھرائی اور سرسبزی وشادابی سے ماحول کو بچانے میں مدد ملے گی۔

☆☆☆

کمرم بھیم آصف آباد ضلع میں بڑے پیمانے پر ماں کے دودھ کا ہفتہ منایا جارہا ہے۔پنچی کلا پیٹا کے سنجیونگر بجور منڈل کے سلوگوپلی وانکیڑی منڈل کے کومٹی گوڑہ اور کوٹالا منڈل کے گاؤں گروڈوپیٹا کے آنگن واڑی مرکزوں میں بیداری پیدا کی گئی۔آنگن واڑی مراکز کے سوپروائزرس نے اس پروگرام میں شرکت کی۔

☆☆☆

ہینڈلوم وٹکسٹائل محکمہ کی ڈائرکٹر سندھیا رانی نے کہا ہے کہ ہینڈلوم اور پاورلوم ورکرس کے لئے سنگاریڈی ضلع میں نیٹنا انشورنس اسکیم پر عمل کیا جارہا ہے۔ اس مہینہ کی 8 تاریخ کو سنگاریڈی ٹاؤن میں ہینڈلوم وٹکسٹائل محکمہ کے دفتر میں درخواستیں داخل کی جاسکتی ہیں۔18 سے 59 سال عمر کے اہل ورکرس سے کہا گیا ہے کہ وہ پاسپورٹ سائز فوٹو، آدھار کارڈ، بینک اکاؤنٹ اور نومینیشن کی تفصیلات کے ساتھ درخواستیں داخل کریں۔اس اسکیم کے تحت خاندانوں کو 5 لاکھ روپے کی مالی مدد دی جائے گی۔

☆☆☆

سائبرآباد اسپیشل آپریشن ٹیم نے ایک ٹولی کے 5 ارکان کو گرفتار کیا ہے جو گانجہ کی اسمگلنگ اور اس کو بیچنے میں ملوث تھی۔پولیس نے ان کے پاس سے 803 کلو گانجہ، ای ڈی سی ایم گاڑی اور ایک کار ضبط کی۔ڈی ایس پی ایس او ٹی سائبرآباد بی سرینواس نے بتایا کہ اس ٹولی کے 7 ارکان ہیں۔گانجہ کی فروخت اور منتقلی میں ملوث تھے اور گاہکوں کو پہنچارہے تھے۔یہ گانجہ ڈی سی ایم میں چھپا کر رکھا گیا تھا اور کیمیکلس کے بہانے اسے منتقل کیا جارہا تھا۔ دوسرے دوملزمین کو گرفتار کرنے کے لئے کوششیں کی جارہی ہیں، جو فرار ہیں۔

☆☆☆

میگا اسٹار چرنجیوی اور ان کے اداکار بیٹے رام چرن نے آج کیرالا کے وائناڈ ضلع میں مٹی کے تودے گرنے سے متاثر ہونے والوں کی مدد کے لئے ایک کروڑ روپے کے تعاون کا اعلان کیا ہے۔اس دوران ایک اور ہیرو اَلو ارجن نے کیرالا چیف منسٹر ریلیف فنڈ میں 25 لاکھ روپے عطیہ کا اعلان کیا ہے۔